# واقفات نو بچیوں کی حضور انور کے ساتھ کلاس

بعد ازاں سوا چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ''مسجد بیت النور'' میں تشریف لے آئے جہاں پروگرام کے مطابق واقفات نو بچیوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ کلاس شروع ہوئی۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزہ صوفیہ جنود نے کی اس کا اردو ترجمہ عزیزہ لبنیٰ فضیلت اور انگریزی ترجمہ عزیزہ ایمن مرزا نے پیش کیا۔

اس کے بعد عزیزہ روبینہ فراز نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ عربی زبان میں پیش کی اور اس حدیث کا درج ذیل اردو ترجمہ عزیزہ سدرہ جمشید نے پیش کیا۔

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں نبوّت قائم رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ پھر وہ اس کو اٹھا لے گا اور خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ جب چاہے گا اس نعمت کو بھی اٹھا لے گا، پھر ایذا رساں بادشاہت قائم ہوگی اور تب تک رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ جب یہ دور ختم ہوگا تو اس سے بھی بڑھ کر جابر بادشاہت قائم ہوگی اور تب تک رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ پھر وہ ظلم و ستم کے اس دور کو ختم کر دے گا۔ جس کے بعد پھر نبوت کے طریق پر خلافت قائم ہوگی۔ یہ فرما کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔

اس کے بعد عزیزہ ثمرہ واہلہ نے حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا منظوم کلام ؎

تری محبت میں میرے پیارے ہر اک مصیبت اٹھائیں گے ہم
مگر نہ چھوڑیں گے تجھ کو ہرگز نہ تیرے در پر سے جائیں گے ہم

خوش الحانی سے پیش کیا۔

بعد ازاں عزیزہ عدیلہ منیر، شمائلہ انجم اور عزیزہ نائلہ چوہدری نے اطاعت خلافت کے موضوع پر ایک مضمون پیش کیا۔

اس کے بعد پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچیوں کو سوالات کرنے کی اجازت عطا فرمائی۔ چنانچہ سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہوا۔